BRAMPTON Service and Information Update

# کووِڈ-19 کی عالمی وباء کے دوران برامپٹن میں وکٹوریہ ڈے 2020

برامپٹن، آن (12 مئی 2020) – اس سال، وکٹوریہ ڈے بروز پیر، 18 مئی کو آ رہا ہے۔

پیل پبلک ہیلتھ کی جانب سے ہدایت کے ساتھ اور اپنے رہائشیوں اور ملازمین کی حفاظت کے لیے، کورونا وائرس (کووڈ-19) کے پھیلاؤ کو روکنے میں مدد دینے کے لیے سٹی ہال اور سٹی آف برامپٹن کی دیگر تمام سہولت گاہیں، بشمول تفریحی اور کمیونٹی سنٹرز اور برامپٹن لائبریری کی شاخیں، بند رہیں گی۔

تمام بنیادی خدمات، بشمول فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز، ٹریفک سروسز، بائی لاء انفورسمنٹ، روڈ آپریشنز، POA کورٹس اور سیکورٹی سروسز، ہماری کمیونٹی کو معاونت فراہم کرنے کے لیے معمول کے مطابق کام جاری رکھیں گی۔

کسی بھی قسم کی انکوائری کے لیے رہائشی 311 پر یا 905.874.2000 (برامپٹن کے باہر سے) پر کال کر سکتے ہیں اور اس کے علاوہ برامپٹن 311 ایپ (ایپ اسٹور یا گوگل پلے پر دستیاب ہے) استعمال کر سکتے ہیں، www.311brampton.ca ملاحظہ فرما سکتے ہیں یا بذریعہ ای میل 311@brampton.ca بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ ہم سٹی آف برامپٹن اور ریجن آف پیل کے معاملات، بشمول کووِڈ-19 سے متعلقہ سوالات، مثلًا ٹیکس میں تاخیر، جسمانی فاصلہ بندی اور پارکس اور سہولت گاہوں کی بندش، کے لیے 24/7 دستیاب ہیں۔ مزید معلومات کے لیے www.brampton.ca/covid19 پر جائیں۔

**وکٹوریہ ڈے منائیں – آن لائن!**

برامپٹونینز کو اپنے گھروں سے وکٹوریہ ڈے منانے میں مدد دینے کے لیے، سٹی نے سنیپڈ ہب (SnapdHUB) کی مدد سے خاندان دوست سرگرمیوں سے بھرپور، مقامی ریسٹورینٹس سے کھانا لے جانے کے انتخابات اور آتش بازی کے ورچوئل مظاہرے کے ساتھ ایک آن لائن ہب بنائی ہے۔

رہائشیوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ وکٹوریہ ڈے پر ہئے برامپٹن کے حصے کے طور پر مقامی ریسٹورینٹس سے آرڈر کریں! اکسپیرینس برامپٹن کی جانب سے چلائی جانے والی لیٹس ایٹ! مہم۔ اپنے عقبی صحن، اپنے لان، اپنے ڈرائیو وے یا گھر پر کسی بھی جگہ ایک پنکن لگا کر کھانا کھانے کے تجربے کو یادگار بنائیں۔ سوشل میڈیا کے ساتھ کوئی تصویر شیئر کریں اور ہمارے جسمانی طور پر فاصلے والے جشن کا حصہ بننے کے لیے #BramptonTogether استعمال کریں۔

آگمینٹڈ ریئیلٹی میں پیش کیے جانے والے آتش بازے کے ایک پرجوش مظاہرے کے لیے پورے اونٹاریو میں اپنے ہمسائیوں کے ساتھ شامل ہوں! آتش بازی کا ورچوئل مظاہرہ رہائشیوں کو وکٹوریہ ڈے کے روایتی آتش بازی کے مظاہروں کا ایک محفوظ متبادل دیتا ہے۔ ورچوئل شو رات 8 بجے شروع ہو گا جبکہ آتش بازی کے لیے الٹی گنتی رات 7:50 پر شروع ہو گی۔ شرکت کرنے والے ریسٹورینٹس کی تفصیلات اور آتش بازی کے مظاہروں کے لنک کے لیے www.brampton.ca/victoriaday ملاحظہ کریں۔

**فائر ورکس سے حفاظت**

وکٹوریہ ڈے سال کے ان چار چھٹیوں میں سے ایک ہے، جن کے دوران برامپٹن میں ذاتی املاک پر پرمٹ کے بغیر چھوٹی حد والی آتش بازی کی اجازت ہوتی ہے۔ ضمنی قانون کے تحت، آتش بازیوں کی کینیڈا ڈے، ڈیوالی اور نیو ایئرز ایوو پر بھی اجازت ہے۔

چھوٹی حد والی آتش بازیاں وہ ہوتی ہیں، جنہیںجب لگایا جائے، تو وہ تین میٹر (10 فٹ) سے کم دور جاتی ہیں (مثلا فاؤنٹینز، ویلرز، گراؤنڈ سپنرز، سپارکلرز)۔ دیگر تمام راکٹ کی قسم کی آتش بازیاں برامپٹن میں بین شدہ ہیں۔ سٹی رہائشیوں کو یاد دہانی کرواتا ہے کہ گلیوں، سائیڈ واکس، سٹی پارکس کے اندر یا میونسپل یا اسکول کی املاک پر آتش بازیاں استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

نجی املاک پر چھوٹی حد والی آتش بازیوں کے استعمال میں، آپ کو ان حفاظتی تدابیر پر لازمی عمل کرنا چاہیے:

- پانی کا ایک برتن یا ہوز لائین دستیاب ہونی چاہیے، جو آتش بازیوں کو بجھانے کے لیے پانی سے بھرا ہو۔

- کبھی بھی اپنے ہاتھ میں سپارکلر کے علاوہ کوئی دیگر آتش بازی نہ جلائیں یا پکڑیں۔
- آتش بازیوں کو کبھی بھی دوسرے لوگوں پر نہ پھینکیں یا ان کی جانب موڑیں۔
- سپارکلرز کو استعمال کرنے کے بعد، پھینکنے سے پہلے پوری طرح ٹھنڈے ہونے کے لیے پانی کے کسی برتن میں ڈال دیں۔
- آتش بازیوں کو پھینکنے سے پہلے انہیں پوری طرح ٹھنڈا ہونے دیں۔

ہر سال، آتش بازیوں کے فروخت کنندگان کے لیے ضروری ہوتا ہے کہ وہ آتش بازیاں فروخت کرنے کا لائسنس حاصل کرنے سے پہلے سٹی کی جانب سے تربیت حاصل کریں۔ اس سال، کوئی بھی تربیت فراہم نہیں کی گئی اور کوئی بھی لائسنس جاری نہیں کیا گیا۔ اگر رہائشی اسٹورز یا برامپٹن میں دیگر کسی جگہ آتش بازیاں فروخت ہوتے دیکھیں، تو ان سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ برامپٹن 311 موبائل ایپ کے ذریعے، آن لائن یا 311 پر کال کر کے سروس برامپٹن کو اطلاع دیں۔ رہائشیوں سے ایسی صورت میں بھی سروس برامپٹن سے رابطہ کرنے کا کہا جاتا ہے، کہ اگر وہ ممنوعہ آتش بازیوں کے استعمال یا کووِڈ-19 کی وجہ سے پانچ لوگوں سے زیادہ کے اجتماع کے بارے میں پریشان ہوں۔

**کووِڈ-19 کے لیے حفاظتی اقدامات**

کورونا وائرس (کووِڈ-19) کے ردعمل میں محفوظ رہنے کے لیے اہم قواعد و ضوابط موجود ہیں، جو ہماری کمیونٹی کو ذہن میں رکھنے کی ضرورت ہے۔

- پیل پبلک ہیلتھ پیل کے رہائشیوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ گھروں سے باہر فاصلہ رکھیں (جسمانی فاصلہ بندی پر عمل کریں) اور رش سے گریز کرنے کو یقینی بنائیں۔ رہائشیوں کو ورزش کرتے ہوئے گھروں کے قریب رہنا چاہیے اور گھر سے باہر نکلنے کو انتہائی ضروری وجوہات تک محدود کرنا جاری رکھیں۔ ایسے رہائشی، جنہیں بیماریاں لاحق ہیں، کمزور نظام دفاع کے مالک ہیں یا 70 سال سے زائد عمر کے ہیں، انہیں گھروں پر رہنا چاہیے اور صرف اکیلے ورزش یا بنیادی ضروریات کے لیے باہر نکلنا چاہیے۔
- برامپٹن میں 500 سے زائد تمام پارکس، کھیل کے میدان اور پارکس میں دیگر چیزیں، پٹے کے بغیر کتوں کے گھومنے کے لیے پارکس، پکنک شیلٹرز، آلات (بشمول سپورٹس فیلڈز، باسکٹ بال اور ٹینس کورٹس وغیرہ)، تفریحی سنٹرز اور ملحقہ جگہیں اور سٹی کی سہولت گاہوں کے پارکنگ لاٹس تاحکم ثانی عوام کے لیے بند ہیں۔ رہائشیوں سے 905.874.2111 پر کال کر کے عدم پابندی کی اطلاع دینے کی گزارش کی جاتی ہے۔
- جبکہ پیدل چلنے کے راستے اس وقت کھلے ہیں، لوگوں کو ہر وقت دوسروں (جو آپ کے گھر میں نہیں رہتے) سے 2.0 میٹر کے فاصلے پر رہنا چاہیے۔ پیدل چلنے کے راستوں کے نقشے کے لیے یہاں کلک کریں۔
- پانچ یا زیادہ لوگوں کے اجتماع سے گریز کریں – اب یہ صوبے کی جانب سے نافذ کردہ ایمرجنسی مینجمنٹ اینڈ سول پروٹیکشن ایکٹ کے تحت ممنوع ہیں۔
- براہ کرم استعمال شدہ فیس ماسکس، حفاظتی دستانے اور نگہداشت صحت کے دیگر کچرے کو ایک بیگ میں ڈال کر کوڑے میں ڈال کر تلف کریں۔

- اب برامپٹن کووِڈ-19 ایمرجنسی مژرز بائی لاء کے تحت جرمانے موجود ہیں۔ لوگوں پر جسمانی فاصلہ بندی کے اقدامات کی پابندی نہ کرنے کے ہر ایک جرم پر کم سے کم 500$ اور زیادہ سے زیادہ 100,000$ تک کا جرمانہ ہو سکتا ہے۔ رہائشیوں سے 311 پر کال کر کے عدم پابندی کی اطلاع دینے کی گزارش کی جاتی ہے۔

- ہم اپنی کمیونٹی پر کورونا وائرس کے اثرات کو سمجھتے ہیں اور یہ کہ یہ کچھ لوگوں کے لہیے ایک مشکل اور پریشان کن وقت ہے۔ ہم نے کمیونٹی کی معاونت کے لیے خصوصی ٹاسک فورسز کا آغاز کیا ہے۔ اس میں معاشی معاونت، بزرگ افراد کے لیے معاونت، نوجوانوں کے لیے معاونت اور زدپذیر لوگوں کے لیے معاونت شامل ہے۔ ٹاسک فورسز اور ان سے رابطہ کرنے کے طریقے کے حوالے سے مزید معلومات www.brampton.ca/covid19 پر دستیاب ہیں۔

**برامپٹن ٹرانزٹ**

برامپٹن ٹرانزٹ وکٹوریہ ڈے پر کچھ روٹس کی منسوخی کے ساتھ اتوار کے دن کے شیڈول کے ساتھ چلے گا۔ درج ذیل روٹس سروس فراہم کریں گے:

| | | |
|---|---|---|
| 1 کوئین | 11 سٹیلیز | 50 گور روڈ |
| 2 مین | 14 ٹوربریم | 52 میک مرچے |
| 3 میک لافلن | 15 برامیلا | 115 پیئرسن ایئرپورٹس |
| 4 چنگواکوسی | 18 ڈِکسی | 501 زوم کوئین |
| 5 بوویرد | 23 سینڈّل ووڈ | 502 زوم مین |
| 7 کینیڈی | 30 ایئرپورٹ روڈ | 511 زوم سٹیلیز |

ٹرمینلز پر کسٹمر سروس کاؤنٹرز بند ہیں۔ برامیلا، برامپٹن گیٹ وے اور ڈاؤن ٹاؤن ٹرمینلز پر ٹرمینل کی عمارت کے اوقات کار صبح 6 تا رات 9 ہیں۔ رابطہ سینٹر بذریعہ 905.874.2999 صبح 9 تا شام 6 کھلا رہتا ہے اور معاونت کے لیے دستیاب ہوتا ہے۔

صفائی اور جراثیم سے پاک کرنے کی اضافہ شدہ کاروائیاں بدستور جاری رہیں گی۔ برامپٹن ٹرانزٹ نے بسوں کو ہر 48 گھنٹے کے بعد جراثیم سے پاک کرنے کا ہدف مقرر کیا ہوا ہے، بشمول تمام ٹھوس سطحیں، آپریٹر کے کمپارٹمنٹس اور سیٹیں۔ بسوں کو موجودہ طور پر ہر 24 گھنٹے کے بعد جراثیم سے پاک کیا جا رہا ہے۔ جبکہ سہولت گاہوں اور ٹرمینلز کی ٹھوس سطحوں کی صفائی اور جراثیم سے پاک کرنے کا کام روزانہ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ مسافروں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ سفر کے لیے اپنی ذاتی جراثیم کش اشیاء مثلاً ہینڈ سینیٹائزر یا تولیے وغیرہ اپنے ساتھ لائیں اور اپنے ہاتھوں کو کثرت سے دھوئیں۔

روٹ اور شیڈول کی معلومات کے لیے، 905.874.2999 پر کال کریں یا www.bramptontransit.com ملاحظہ کریں۔ اگلی بس کے براہ راست اوقات کی معلومات کے لیے اپنے اسمارٹ فون یا دیگر موبائل ڈیوائس پر nextride.brampton.ca ملاحظہ کریں۔ سفر کی منصوبہ بندی کے دیگر ٹولز کے لیے www.triplinx.ca یا گوگل میپس ملاحظہ کریں۔

**برامپٹن ریکریئیشن**

تمام تفریحی پروگرام اور سہولت گاہوں کے کرایے تاحکم ثانی منسوخ ہیں۔ کریڈٹس کو خودکار طریقے سے اکاؤنٹس میں ڈال دیا جائے گا۔ براہ کرم مزید معلومات کے لیے recconnects@brampton.ca پر رابطہ کریں۔

برامپٹن ریکریئیشن کے عملے کی جانب سے محبت کے ساتھ بنائے گئے وسیع اقسام کے ورچوئل پراگراموں، ریک ایٹ ہوم کے ساتھ پورے جسم کی ورزش کے ساتھ تندرست رہیں، اوریگیمی کے دل بنانا سیکھیں، اپنی خطاطی کی مہارتوں کی مشق کریں اور مزید بہت کچھ www.brampton.ca/recreation پر جا کر ریک ایٹ ہوم پلیٹ فارم تک رسائی حاصل کریں۔

# BRAMPTON Service and Information Update

**برامپٹن لائبریری**

برامپٹن لائبریری کی تمام شاخیں تاحکم ثانی بند ہیں۔ ویکینڈ کی تفریح کے لیے، مooviz اور موسیقی اسٹریم کر کے آزمائیں یا کوئی ای بُک پڑھیں۔ ہماری ڈیجیٹل مصنوعات، پروگراموں اور خدمات کے متعلق مزید معلومات کے لیے www.bramptonlibrary.ca ملاحظہ کریں یا info@bramlib.on.ca پر ای میل کریں۔

**برامپٹن اینیمل سروسز**

برامپٹن اینیمل شیلٹر وکٹوریہ ڈے والے ویکینڈ پر اتوار اور پیر کے روز بند رہے گا۔

اینیمل کنٹرول پیر تا جمعہ صبح 7 تا رات 10 تک اور ہفتے اور اتوار اور چھٹیوں کے دنوں میں دن 8 تا شام 6:30 سڑکوں پر موجود ہوتی ہے اور صرف درج ذیل کالوں پر ردعمل دے گا:

- بیمار/زخمی/جارحانہ گھریلو جانور اور جنگلی جانور کے اٹھانے کے لیے
- جارحانہ جانور
- آزاد بھاگنے والا کتا
- کتے کے کاٹنے کی تحقیق
- پکڑے جانے والے آوارہ کتے کو اٹھانا
- کسی مردہ جانور کو اٹھانا

ان اوقات کے علاوہ، اینیمل کنٹرول صرف ہنگامی حالات کا ردعمل دے گا۔

--30--

**میڈیا کنٹیکٹ**
مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 |Monika.Duggal@brampton.ca